# وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی، اگر ہو تم مومن،

# الأنفال

## بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلْأَنفَالِ ۖ

تجھ سے پوچھتے ہیں حکم غنیمت کا۔

قُلِ ٱلْأَنفَالُ لِلَّهِ وَٱلرَّسُولِ ۖ

تُو کہہ، مالِ غنیمت اللہ کا ہے اور رسول کا۔

فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَأَصْلِحُواْ ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۖ

سو ڈرو اللہ سے اور صلح کرو آپس میں،

وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥٓ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١﴾

اور حکم میں چلو اللہ کے اور اسکے رسول کے، اگر ایمان رکھتے ہو۔

إِنَّمَا ٱلْمُؤْمِنُونَ ٱلَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ ٱللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ

ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آئے اللہ کا، ڈر جائیں دل انکے،

وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ ءَايَـٰتُهُۥ زَادَتْهُمْ إِيمَـٰنًا

اور جب پڑھے ان پر اسکے کلام زیادہ آئے انکو ایمان،

وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٢﴾

اور اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہیں۔

ٱلَّذِينَ يُقِيمُونَ ٱلصَّلَوٰةَ وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣﴾

جو کھڑی رکھتے (قائم کرتے) ہیں نماز اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں۔

أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ

وہی ہیں سچے ایمان والے،

لَّهُمْ دَرَجَٰتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٤﴾

اُنکو درجے ہیں اپنے رب پاس اور معافی (بخشش) اور روزی آبرو (عزت) کی۔

كَمَآ أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِٱلْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ لَكَٰرِهُونَ ﴿٥﴾

جیسے نکالا تجھ کو تیرے رب نے تیرے گھر سے درست (حق) کام پر اور ایک جماعت ایمان والی نہ راضی تھی۔

يُجَٰدِلُونَكَ فِى ٱلْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ

تجھ سے جھگڑتے تھے درست (حق) بات میں، واضح ہو چکے پیچھے،

كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى ٱلْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ﴿٦﴾

(اور انکا حال یہ تھا) گویا انکو ہانکتے ہیں موت کی طرف، آنکھوں دیکھتے۔

وَإِذْ يَعِدُكُمُ ٱللَّهُ إِحْدَى ٱلطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ

اور جس وقت وعدہ دیتا ہے اللہ تم کو، ان دو جماعت میں سے ایک کہ تم کو ہاتھ لگے گی،

وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ ٱلشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ

اور تم چاہتے تھے کہ جس میں کانٹا نہ لگے وہ (کمزور گروہ) ملے تم کو،

وَيُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُحِقَّ ٱلۡحَقَّ بِكَلِمَٰتِهِۦ وَيَقۡطَعَ دَابِرَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ٧

اور اللہ چاہتا تھا کہ سچا کرے سچ کو اپنے کلاموں سے، اور کاٹے پیچھا (جڑ) کافروں کا۔

لِيُحِقَّ ٱلۡحَقَّ وَيُبۡطِلَ ٱلۡبَٰطِلَ وَلَوۡ كَرِهَ ٱلۡمُجۡرِمُونَ ٨

تا (کہ) سچا کرے سچ کو اور جھوٹا کرے جھوٹ کو، اور اگرچہ نہ راضی ہوں گنہگار۔

إِذۡ تَسۡتَغِيثُونَ رَبَّكُمۡ فَٱسۡتَجَابَ لَكُمۡ

جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے تو پہنچا تمہاری پکار کو،

أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلۡفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ مُرۡدِفِينَ ٩

کہ میں مدد بھیجوں گا تمہاری ہزار فرشتے جنگی، پیچھے لگے آئیں۔

وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ إِلَّا بُشۡرَىٰ وَلِتَطۡمَئِنَّ بِهِۦ قُلُوبُكُمۡۚ

اور یہ تو دی اللہ نے فقط خوشخبری اور تا (کہ) چین پکڑیں (مطمئن ہوں) دل تمہارے۔

وَمَا ٱلنَّصۡرُ إِلَّا مِنۡ عِندِ ٱللَّهِۚ

اور مدد نہیں (آتی کوئی) مگر اللہ سے۔

إِنَّ ٱللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ١٠

(یقیناً) اللہ زورآور ہے حکمت والا۔

إِذۡ يُغَشِّيكُمُ ٱلنُّعَاسَ أَمَنَةٗ مِّنۡهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيۡكُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءٗ

جس وقت ڈال دی تم پر اونگھ اپنی طرف سے تسکین کو اور اتارا تم پر آسمان سے پانی

لِّيُطَهِّرَكُم بِهِۦ وَيُذۡهِبَ عَنكُمۡ رِجۡزَ ٱلشَّيۡطَٰنِ

کہ اس سے تم کو پاک کرے اور دور کرے تم سے شیطان کی نجاست،

وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ ٱلْأَقْدَامَ ﴿١١﴾

اور محکم گرہ (مضبوط کر) دے تمہارے دل پر، اور ثابت کرے (جمادے) تمہارے قدم۔

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى ٱلْمَلَٰٓئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا۟ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ۚ

جب حکم بھیجا تمہارے رب نے فرشتوں کو، کہ میں ساتھ ہوں تمہارے سو تم دل ثابت کرو مسلمانوں کے۔

سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ٱلرُّعْبَ

میں ڈال دوں گا دل میں کافروں کے دہشت۔

فَٱضْرِبُوا۟ فَوْقَ ٱلْأَعْنَاقِ وَٱضْرِبُوا۟ مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾

سو مارو اوپر گردنوں کے اور مارو انکے پور پور (جوڑ جوڑ)۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ ۚ

یہ اس واسطے کہ وہ مخالف ہوئے اللہ کے اور اسکے رسول کے،

وَمَن يُشَاقِقِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿١٣﴾

اور جو کوئی مخالف ہو اللہ کا اور اُسکے رسول کا، تو اللہ کی مار سخت ہے۔

ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿١٤﴾

یہ (سزا) تو تم چکھ لو، اور جان رکھو کے منکروں کو ہے عذاب دوزخ کا۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟

اے ایمان والو!

إِذَا لَقِيتُمُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ ٱلْأَدْبَارَ ﴿١٥﴾

جب بھڑو (لڑو) تم کافروں سے میدان جنگ میں، تو مت دو (پھیرو) ان کو (سے) پیٹھ۔

وَمَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُۥٓ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ

اور جو کوئی اُنکو پیٹھ دے اُس دن، مگر یہ (سوائے اسکے) کہ ہنر (چال) کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو فوج میں،

فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَمَأْوَىٰهُ جَهَنَّمُ ۖ

سو وہ لے پھرا غضب اللہ کا، اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٦﴾

اور کیا بُری جگہ ٹھہرا۔

فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ

سو (حقیقت یہ نہیں کہ) تم نے انکو نہیں مارا، لیکن اللہ نے مارا (اُنکو)،

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ رَمَىٰ ۚ

اور تُو نے نہیں پھینکی مٹھی خاک جس وقت پھینکی تھی، لیکن اللہ نے پھینکی،

وَلِيُبْلِىَ ٱلْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ۚ

اور کیا (اللہ کرنا) چاہتا تھا ایمان والوں پر، اپنی طرف سے خوب احسان۔

إِنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٧﴾

تحقیق (یقیناً) اللہ ہے (سب) سنتا جانتا۔

ذَٰلِكُمْ وَأَنَّ ٱللَّهَ مُوهِنُ كَيْدِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿١٨﴾

یہ تو ہو چکا، اور جان رکھو کہ اللہ سست (کمزور) کریگا تدبیر کافروں کی۔

إِن تَسْتَفْتِحُوا۟ فَقَدْ جَآءَكُمُ ٱلْفَتْحُ ۖ وَإِن تَنتَهُوا۟ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ

(اے کافرو!) اگر تم چاہو فیصلہ، سو پہنچ چکا تم کو فیصلہ، اور اگر باز آؤ تو تمہارا بھلا ہے۔

وَإِن تَعُودُوا۟ نَعُدْ

اور اگر پھرو (تم دوبارہ کرو) گے، تو ہم بھی پھر کریں گے۔

وَلَن تُغْنِىَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَلَوْ كَثُرَتْ

اور (ہرگز) کام نہ آئے گا تم کو تمہارا جتھا، اگرچہ بہت ہوں،

وَأَنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٩﴾

اور جانو کے اللہ ساتھ ہے ایمان والوں کے۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ

وَلَا تَوَلَّوْا۟ عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ ﴿٢٠﴾

اے ایمان والو! حکم پر چلو اللہ کے اور اسکے رسول کے، اور اس سے مت پھرو (منہ موڑو) سُن کر۔

وَلَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ قَالُوا۟ سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ﴿٢١﴾

اور ویسے مت ہو، جنہوں نے کہا ہم نے سنا، اور وہ سنتے نہیں۔

إِنَّ شَرَّ ٱلدَّوَآبِّ عِندَ ٱللَّهِ ٱلصُّمُّ ٱلْبُكْمُ ٱلَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ﴿٢٢﴾

بدتر سب جانوروں (جانداروں) میں اللہ کے پاس وہی بہرے گونگے ہیں جو نہیں بوجھتے (عقل رکھتے)۔

وَلَوْ عَلِمَ ٱللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَّأَسْمَعَهُمْ ۖ

اور اگر اللہ جانتا ان میں کچھ بھلائی، تو اُنکو سناتا (سننے کی توفیق دیتا)۔

وَلَوۡ أَسۡمَعَهُمۡ لَتَوَلَّواْ وَّهُم مُّعۡرِضُونَ ٢٣

اور جو اُنکو سنائے تو الٹے بھاگیں منہ پھیر کر (بے رخی سے)۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱسۡتَجِيبُواْ لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمۡ لِمَا يُحۡيِيكُمۡۖ

اے ایمان والو! مانو حکم اللہ کا اور رسول کا، جس وقت بلائے تم کو ایک کام پر جس پر تمہاری زندگی ہے۔

وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ يَحُولُ بَيۡنَ ٱلۡمَرۡءِ وَقَلۡبِهِۦ

اور جان لو، کہ اللہ روک لیتا ہے آدمی سے اسکے دل کو،

وَأَنَّهُۥٓ إِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ ٢٤

اور یہ کہ اس پاس تم جمع ہوگے۔

وَٱتَّقُواْ فِتۡنَةٗ لَّا تُصِيبَنَّ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ مِنكُمۡ خَآصَّةٗۖ

اور بچتے رہو اس فساد سے، کہ نہ پڑے گا تم میں سے ظالموں پر چُن کر۔

وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ ٢٥

اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔

وَٱذۡكُرُوٓاْ إِذۡ أَنتُمۡ قَلِيلٞ مُّسۡتَضۡعَفُونَ فِي ٱلۡأَرۡضِ

اور یاد کرو جس وقت تم تھوڑے تھے، مغلوب پڑے ہوئے ملک (زمین) میں،

تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ ٱلنَّاسُ فَـَٔاوَىٰكُمۡ وَأَيَّدَكُم بِنَصۡرِهِۦ

ڈرتے تھے اُچک لیں تم کو لوگ، پھر اسنے تم کو جائے (پناہ) دی اور زور دیا (مضبوط کیا) اپنی مدد سے،

وَرَزَقَكُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ ٢٦

اور روزی دی تم کو ستھری چیزیں، شاید تم حق مانو۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَخُونُواْ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ

اے ایمان والو! چوری (خیانت) نہ کرو اللہ سے اور رسول سے،

وَتَخُونُوٓاْ أَمَٰنَٰتِكُمۡ وَأَنتُمۡ تَعۡلَمُونَ ٢٧

یا چوری (نہ خیانت) کرو آپس کی امانتوں میں جان کر۔

وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّمَآ أَمۡوَٰلُكُمۡ وَأَوۡلَٰدُكُمۡ فِتۡنَةٞ

اور جان لو کہ تمہارے مال اور اولاد جو ہیں، خراب کرنے والے ہیں،

وَأَنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥٓ أَجۡرٌ عَظِيمٞ ٢٨

اور یہ کہ اللہ پاس بڑا ثواب ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن تَتَّقُواْ ٱللَّهَ يَجۡعَل لَّكُمۡ فُرۡقَانٗا

اے ایمان والو! اگر ڈرتے رہو گے اللہ سے تو کر دیگا تم میں فیصلہ،

وَيُكَفِّرۡ عَنكُمۡ سَيِّـَٔاتِكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡۗ

اور اتارے گا تم سے تمہارے گناہ اور تم کو بخشے گا،

وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ ٢٩

اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

وَإِذۡ يَمۡكُرُ بِكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لِيُثۡبِتُوكَ أَوۡ يَقۡتُلُوكَ أَوۡ يُخۡرِجُوكَۚ

اور جب فریب بنانے لگے کافر کہ تجھ کو بٹھا (قید کر) دیں یا مار ڈالیں یا نکال دیں۔

وَيَمۡكُرُونَ وَيَمۡكُرُ ٱللَّهُۖ

اور وہ بھی فریب (چال) کرتے تھے اور اللہ بھی فریب (چال) کرتا تھا،

وَٱللَّهُ خَيۡرُ ٱلۡمَٰكِرِينَ ٣٠

اور اللہ کا فریب (کی چال) سب سے بہتر ہے۔

وَإِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِمۡ ءَايَٰتُنَا قَالُواْ قَدۡ سَمِعۡنَا لَوۡ نَشَآءُ لَقُلۡنَا مِثۡلَ هَٰذَآ ۙ

اور جب کوئی پڑھے اُن پر ہماری آیتیں، کہیں ہم سن چکے، ہم چاہیں تو کہہ لیں ایسا،

إِنۡ هَٰذَآ إِلَّآ أَسَٰطِيرُ ٱلۡأَوَّلِينَ ٣١

یہ کچھ نہیں احوال ہیں پہلوں کے۔

وَإِذۡ قَالُواْ ٱللَّهُمَّ إِن كَانَ هَٰذَا هُوَ ٱلۡحَقَّ مِنۡ عِندِكَ

اور جب کہنے لگے، کہ یا اللہ! اگر یہی دین (قرآن) حق ہے تیرے پاس سے،

فَأَمۡطِرۡ عَلَيۡنَا حِجَارَةٗ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ أَوِ ٱئۡتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٖ ٣٢

تو ہم پر برسا پتھر آسمان سے، یا لا ہم پر دُکھ کی مار۔

وَمَا كَانَ ٱللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ وَأَنتَ فِيهِمۡۚ

اور اللہ ہرگز نہ عذاب کرتا اُنکو، جب تک تُو تھا ان میں،

وَمَا كَانَ ٱللَّهُ مُعَذِّبَهُمۡ وَهُمۡ يَسۡتَغۡفِرُونَ ٣٣

اور اللہ نہ عذاب کریگا اُنکو، جب تک بخشواتے رہیں۔

وَمَا لَهُمۡ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ ٱللَّهُ وَهُمۡ يَصُدُّونَ عَنِ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِ وَمَا كَانُوٓاْ أَوۡلِيَآءَهُۥٓۚ

اور ان میں کیا ہے، کہ عذاب نہ کرے اللہ؟ اور وہ روکتے ہیں مسجدِ حرام سے، اور اسکو اختیار والے نہیں۔

إِنۡ أَوۡلِيَآؤُهُۥٓ إِلَّا ٱلۡمُتَّقُونَ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ ٣٤

اسکے اختیار والے وہی ہیں جو پرہیزگار ہیں، لیکن وہ اکثر خبر نہیں رکھتے۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِندَ ٱلْبَيْتِ إِلَّا مُكَآءً وَتَصْدِيَةً ۚ

اور اُنکی نماز کچھ نہ تھی، کعبہ کے پاس، مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں۔

فَذُوقُوا۟ ٱلْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٥﴾

سو چکھو عذاب، بدلہ اپنے کُفر کا۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ يُنفِقُونَ أَمْوَٰلَهُمْ لِيَصُدُّوا۟ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۚ

جو لوگ کافر ہیں، خرچ کرتے ہیں اپنے مال، کہ روکیں اللہ کی راہ سے۔

فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ

سو ابھی اور خرچ کریں گے، پھر آخر ہوگا ان پر پچھتاوا، پھر آخر مغلوب ہوں گے۔

وَٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ﴿٣٦﴾

اور جو کافر ہیں گے، دوزخ کو ہانکے (گھیر لے جائیں) جائیں گے۔

لِيَمِيزَ ٱللَّهُ ٱلْخَبِيثَ مِنَ ٱلطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ ٱلْخَبِيثَ بَعْضَهُۥ عَلَىٰ بَعْضٍ

تا (کہ) جدا کرے اللہ ناپاک کو پاک سے، اور رکھے ناپاک کو ایک پر ایک،

فَيَرْكُمَهُۥ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُۥ فِى جَهَنَّمَ ۚ

پھر اسکو ڈھیر کرے سارا، پھر ڈالے اسکو دوزخ میں۔

أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿٣٧﴾

وہی لوگ ہیں نقصان پانے والے۔

قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ إِن يَنتَهُوا۟ يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ

تُو کہہ دے کافروں کو کہ اگر باز آئیں تو معاف ہو انکو جو (گناہ) ہو چکا۔

وَإِن يَعُودُواْ فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ ٱلْأَوَّلِينَ ٣٨

اور اگر پھر وہی کریں گے، تو پڑھ چکی ہے راہ اگلوں کی۔

وَقَٰتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ ٱلدِّينُ كُلُّهُۥ لِلَّهِ ۚ

اور لڑتے رہو اُن سے جب تک نہ رہے فساد، اور ہو جائے حکم اللہ کا۔

فَإِنِ ٱنتَهَوْاْ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ٣٩

پھر اگر وہ باز آئیں تو (بیشک) اللہ اُنکے کام دیکھتا ہے۔

وَإِن تَوَلَّوْاْ فَٱعْلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ مَوْلَىٰكُمْ ۚ نِعْمَ ٱلْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ ٱلنَّصِيرُ ٤٠

اور اگر وہ نہ مانیں تو جان لو کہ اللہ ہے حمایتی تمہارا، کیا خوب حمایتی ہے اور کیا خوب مددگار۔

وَٱعْلَمُوٓاْ أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ

اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاؤ کچھ چیز،

فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُۥ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ وَٱبْنِ ٱلسَّبِيلِ

سو اللہ کے واسطے اس میں سے پانچواں حصہ اور رسول کے اور قرابت والے کے اور یتیم کے اور محتاج کے اور مسافر کے۔

إِن كُنتُمْ ءَامَنتُم بِٱللَّهِ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ ٱلْفُرْقَانِ يَوْمَ ٱلْتَقَى ٱلْجَمْعَانِ ۗ

اگر تم یقین لائے ہو اللہ پر اور اس چیز پر جو ہم نے اتاری اپنے بندے پر، جس دن فیصلہ ہوا، جس دن بھڑیں دو فوجیں۔

وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ٤١

اور اللہ سب چیز پر قادر ہے۔

إِذْ أَنتُم بِٱلْعُدْوَةِ ٱلدُّنْيَا وَهُم بِٱلْعُدْوَةِ ٱلْقُصْوَىٰ وَٱلرَّكْبُ أَسْفَلَ مِنكُمْ ۚ

جس وقت تم تھے ورے کے ناکے (وادی کے اس طرف کے کنارے) اور وہ پرے کے ناکے (کنارے)، اور قافلہ نیچے اتر گیا تم سے۔

وَلَوۡ تَوَاعَدتُّمۡ لَٱخۡتَلَفۡتُمۡ فِي ٱلۡمِيعَٰدِ ۙ

اور اگر آپس میں تم وعدہ کرتے تو نہ پہنچتے وعدے پر،

وَلَٰكِن لِّيَقۡضِيَ ٱللَّهُ أَمۡرٗا كَانَ مَفۡعُولٗا

لیکن اللہ کو کر ڈالنا ایک کام، جو ہو چکا تھا (جسکو ہونا تھا)،

لِّيَهۡلِكَ مَنۡ هَلَكَ عَنۢ بَيِّنَةٖ وَيَحۡيَىٰ مَنۡ حَيَّ عَنۢ بَيِّنَةٖ ۗ

تا (کہ) مرے جو مرتا (جسکو مرنا) ہے سوجھ کر (واضح دلیل سے) اور جیے جو جیتا (جسکو جینا) ہے سوجھ کر (واضح دلیل سے)۔

وَإِنَّ ٱللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٤٢﴾

اور (بیشک) اللہ سنتا ہے جانتا۔

إِذۡ يُرِيكَهُمُ ٱللَّهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلٗا ۖ

جب اللہ نے وہ دکھائے تیرے خواب میں تھوڑے۔

وَلَوۡ أَرَىٰكَهُمۡ كَثِيرٗا لَّفَشِلۡتُمۡ وَلَتَنَٰزَعۡتُمۡ فِي ٱلۡأَمۡرِ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ سَلَّمَ ۗ

اور اگر وہ تجھ کو بہت دکھاتا، تو تم لوگ نامردی کرتے (ہمت ہار جاتے)، اور جھگڑا ڈالتے کام میں، لیکن اللہ نے بچا لیا۔

إِنَّهُۥ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿٤٣﴾

(بیشک) اسکو معلوم ہے جو بات ہے دلوں میں۔

وَإِذۡ يُرِيكُمُوهُمۡ إِذِ ٱلۡتَقَيۡتُمۡ فِيٓ أَعۡيُنِكُمۡ قَلِيلٗا

اور جب تم کو دکھائی وہ فوج، وقت ملاقات (لڑائی) کے، تمہاری آنکھوں میں تھوڑی،

وَيُقَلِّلُكُمۡ فِيٓ أَعۡيُنِهِمۡ لِيَقۡضِيَ ٱللَّهُ أَمۡرٗا كَانَ مَفۡعُولٗا ۗ

اور تم کو تھوڑا دکھایا اُنکی آنکھوں میں، تا (کہ) کر ڈالے اللہ ایک کام جو ہو چکا (کر رہنا) تھا۔

وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ ٤٤

اور اللہ تک پہنچ ہے ہر کام کی۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا لَقِيتُمۡ فِئَةٗ فَٱثۡبُتُواْ

اے ایمان والو! جب بھڑو کسی فوج سے، تو ثابت رہو،

وَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ كَثِيرٗا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ ٤٥

اور اللہ کو بہت یاد کرو، شاید تم مراد پاؤ۔

وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ

اور حکم مانو اللہ کا اور اسکے رسول کا،

وَلَا تَنَٰزَعُواْ فَتَفۡشَلُواْ وَتَذۡهَبَ رِيحُكُمۡۖ

اور آپس میں نہ جھگڑو، پھر نامرد (بزدل) ہو جاؤ گے، اور جاتی رہے (اکھڑ جائے) گی تمہاری باؤ (ہوا)،

وَٱصۡبِرُوٓاْۚ إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ ٤٦

اور ٹھہرے رہو (صبر کرو)۔ (بیشک) اللہ ساتھ ہے ٹھہرنے (صبر کرنے) والوں کے۔

وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ خَرَجُواْ مِن دِيَٰرِهِم بَطَرٗا وَرِئَآءَ ٱلنَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ

اور مت ہو جیسے وہ لوگ، کہ نکلے اپنے گھروں سے اتراتے، اور لوگوں کو دکھاتے، اور روکتے اللہ کی راہ سے۔

وَٱللَّهُ بِمَا يَعۡمَلُونَ مُحِيطٞ ٤٧

اور اللہ کے قابو میں ہے جو کرتے ہیں۔

وَإِذۡ زَيَّنَ لَهُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ أَعۡمَٰلَهُمۡ وَقَالَ

اور جس وقت سنوارنے لگا شیطان، انکی نظر میں انکے اعمال اور بولا،

لَا غَالِبَ لَكُمُ ٱلْيَوْمَ مِنَ ٱلنَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ

کوئی غالب نہ ہوگا تم پر آج کے دن، اور میں رفیق ہوں تمہارا،

فَلَمَّا تَرَآءَتِ ٱلْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ

پھر جب سامنے ہوئیں دو فوجیں، الٹا پھرا اپنی ایڑیوں پر، اور بولا،

إِنِّي بَرِيٓءٌ مِّنكُمْ إِنِّيٓ أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّيٓ أَخَافُ ٱللَّهَ ۚ

میں تمہارے ساتھ نہیں، میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، میں ڈرتا ہوں اللہ سے۔

وَٱللَّهُ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿٤٨﴾

اور اللہ کا عذاب سخت ہے۔

إِذْ يَقُولُ ٱلْمُنَٰفِقُونَ وَٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰٓؤُلَآءِ دِينُهُمْ ۗ

جب کہنے لگے منافق لوگ اور جنکے دلوں میں آزار (روگ) ہے، یہ لوگ (مسلمان) مغرور ہیں اپنے دین پر۔

وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى ٱللَّهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٤٩﴾

اور (حالانکہ) جو کوئی بھروسہ کرے اللہ پر، تو (یقیناً) اللہ زبردست ہے حکمت والا۔

وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ يَتَوَفَّى ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ۙ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَٰرَهُمْ

اور کبھی تُو دیکھے! جس وقت جان لیتے ہیں کافروں کی، فرشتے مارتے ہیں اُنکے منہ پر اور پیچھے،

وَذُوقُوا۟ عَذَابَ ٱلْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾

اور (اب) چکھو عذاب جلنے کا۔

ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّٰمٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾

یہ بدلہ ہے اسی کا جو تم نے بھیجا اپنے ہاتھوں، اور اس واسطے کہ اللہ ظلم نہیں کرتا بندوں پر۔

كَدَأْبِ ءَالِ فِرْعَوْنَ ۙ وَٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

جیسے دستور (لچھن) فرعون والوں کا، اور جو اُن سے پہلے تھے۔

كَفَرُوا۟ بِـَٔايَـٰتِ ٱللَّهِ فَأَخَذَهُمُ ٱللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ

منکر ہوئے اللہ کی باتوں سے، سو پکڑا اُنکو اللہ نے اُنکے گناہوں پر۔

إِنَّ ٱللَّهَ قَوِىٌّ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ﴿٥٢﴾

اللہ زورآور ہے، سخت عذاب کرنے والا۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا۟ مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ

یہ اس پر کہا، کہ اللہ بدلنے والا نہیں نعمت کا جو دی تھی ایک قوم کو، جب تک وہ نہ بدلیں اپنے جیون کی بات (طرزِ زندگی)،

وَأَنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾

اور (بیشک) اللہ سنتا ہے جانتا۔

كَدَأْبِ ءَالِ فِرْعَوْنَ ۙ وَٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

جیسے دستور فرعون والوں کا، اور جو اُنسے پہلے تھے،

كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَـٰهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَآ ءَالَ فِرْعَوْنَ ۚ

جھٹلائیں باتیں اپنے رب کی، پھر کھپا (ہلاک کر) دیا ہم نے انکو انکے گناہوں پر اور ڈبو دیا فرعون والوں کو،

وَكُلٌّ كَانُوا۟ ظَـٰلِمِينَ ﴿٥٤﴾

اور (وہ) سارے ظالم تھے۔

إِنَّ شَرَّ ٱلدَّوَآبِّ عِندَ ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٥﴾

بدتر سب جانداروں میں اللہ کے ہاں وہ ہیں جو منکر ہوئے، پھر وہ نہیں مانتے۔

ٱلَّذِينَ عَـٰهَدتَّ مِنۡهُمۡ ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهۡدَهُمۡ فِي كُلِّ مَرَّةٍ

جن پر تو نے اقرار کیا ہے ان میں، پھر وہ توڑتے ہیں اقرار ہر بار،

وَهُمۡ لَا يَتَّقُونَ ٥٦

اور (اللہ سے) ڈر نہیں رکھتے۔

فَإِمَّا تَثۡقَفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡحَرۡبِ فَشَرِّدۡ بِهِم مَّنۡ خَلۡفَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُونَ ٥٧

سو اگر کبھی تو پائے انکو لڑائی میں، تو ایسی سزا دے کہ دیکھ کر بھاگیں انکے پچھلے، شاید وہ عبرت پکڑیں۔

وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوۡمٍ خِيَانَةً فَٱنۢبِذۡ إِلَيۡهِمۡ عَلَىٰ سَوَآءٍۚ

اور اگر تجھ کو ڈر ہو ایک قوم کی دغا کا، تو جواب دے انکو برابر کے برابر،

إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلۡخَآئِنِينَ ٥٨

اللہ کو خوش (پسند) نہیں آتے دغاباز۔

وَلَا يَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ سَبَقُوٓاْۚ إِنَّهُمۡ لَا يُعۡجِزُونَ ٥٩

اور یہ نہ سمجھیں منکر لوگ، کہ وہ بھاگ نکلے۔ وہ تھکا نہ سکیں گے۔

وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا ٱسۡتَطَعۡتُم مِّن قُوَّةٖ وَمِن رِّبَاطِ ٱلۡخَيۡلِ

اور سرانجام کرو انکی لڑائی کو، جو پیدا کر سکو زور اور گھوڑے پالنے،

تُرۡهِبُونَ بِهِۦ عَدُوَّ ٱللَّهِ وَعَدُوَّكُمۡ

کہ اس سے دھاک پڑے اللہ کے دشمنوں پر، اور تمہارے دشمنوں پر،

وَءَاخَرِينَ مِن دُونِهِمۡ لَا تَعۡلَمُونَهُمُ ٱللَّهُ يَعۡلَمُهُمۡۚ

اور ایک اور لوگوں پر سوا انکے جنکو تم نہیں جانتے، اللہ انکو جانتا ہے۔

وَمَا تُنفِقُوا۟ مِن شَىْءٍ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ٦٠

اور جو خرچ کرو گے اللہ کی راہ میں، پورا ملے گا تم کو، اور تمہارا حق نہ رہے گا۔

وَإِن جَنَحُوا۟ لِلسَّلْمِ فَٱجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى ٱللَّهِ ۚ

اور اگر وہ جھکیں صلح کو، تو تُو بھی جھک اسی طرف، اور بھروسا کر اللہ پر۔

إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ٦١

بیشک وہی ہے سنتا جانتا۔

وَإِن يُرِيدُوٓا۟ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ ٱللَّهُ ۚ

اور اگر وہ چاہیں کہ تجھ کو دغا دیں تو تجھ کو بس (کافی) ہے اللہ۔

هُوَ ٱلَّذِىٓ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِۦ وَبِٱلْمُؤْمِنِينَ ٦٢

اس نے تجھ کو زور دیا اپنی مدد کا، اور مسلمانوں کا۔

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ

اور انکے دل میں اُلفت ڈالی۔

لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا مَّآ أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ

اگر تو خرچ کرتا جو سارے ملک میں ہے تمام، نہ اُلفت دے سکتا اُنکے دل میں۔

وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُۥ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ٦٣

لیکن اللہ نے اُلفت ڈالی اُن میں۔ وہ زورآور ہے حکمت والا۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ حَسْبُكَ ٱللَّهُ وَمَنِ ٱتَّبَعَكَ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ٦٤

اے نبی! کفایت (کافی) ہے تجھ کو اللہ اور جتنے تیرے ساتھ ہوئے ہیں مسلمان۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ حَرِّضِ ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَى ٱلْقِتَالِ ۚ

اے نبی ! شوق دلا مسلمانوں کو لڑائی (جہاد) کا۔

إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَٰبِرُونَ يَغْلِبُوا۟ مِا۟ئَتَيْنِ ۚ

اگر ہوں تم میں بیس شخص ثابت (قدم)، غالب ہوں (وہ) دو سو پر۔

وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّا۟ئَةٌ يَغْلِبُوٓا۟ أَلْفًا مِّنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟

اور اگر ہوں تم میں سو شخص، غالب ہوں ہزار کافروں پر،

بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿٦٥﴾

اس واسطے کہ وہ (ایسے) لوگ (ہیں جو) سمجھ نہیں رکھتے۔

ٱلْـَٰٔنَ خَفَّفَ ٱللَّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ

اب بوجھ ہلکا کیا اللہ نے تم پر، اور جانا تم میں سستی (کمزوری) ہے۔

فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّا۟ئَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا۟ مِا۟ئَتَيْنِ ۚ

سو اگر ہوں تم میں سو شخص ثابت (قدم)، غالب ہوں دو سو پر۔

وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوٓا۟ أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۗ

اور اگر ہوں تم میں ہزار شخص (ثابت قدم)، غالب ہوں دو ہزار پر، اللہ کے حکم سے۔

وَٱللَّهُ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿٦٦﴾

اور اللہ ساتھ ہے ثابت (قدم) رہنے والوں کے۔

مَا كَانَ لِنَبِىٍّ أَن يَكُونَ لَهُۥٓ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ

نہیں چاہیئے نبی کو کہ اسکے ہاں قیدی آئیں، جب تک نہ خون کرے (کچل دے دشمنوں کو) ملک میں۔

تُرِيدُونَ عَرَضَ ٱلدُّنْيَا وَٱللَّهُ يُرِيدُ ٱلْأَخِرَةَ ۗ

تم چاہتے ہو جنس دنیا کی۔ اور اللہ چاہتا ہے (تمہارے لئے) آخرت۔

وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾

اور اللہ زورآور ہے حکمت والا۔

لَّوْلَا كِتَـٰبٌ مِّنَ ٱللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَآ أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾

اگر نہ ہوتی ایک بات، کہ لکھ چکا اللہ آگے (پہلے) سے تو تم کو پڑتا اس (فدیہ) لینے میں بڑا عذاب۔

فَكُلُوا۟ مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَـٰلًا طَيِّبًا ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ

سو کھاؤ، جو غنیمت لاؤ حلال ستھری۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے۔

إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٩﴾

اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ قُل لِّمَن فِىٓ أَيْدِيكُم مِّنَ ٱلْأَسْرَىٰٓ

اے نبی! کہہ دے اُنکو جو تمہارے ہاتھ میں ہیں قیدی،

إِن يَعْلَمِ ٱللَّهُ فِى قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ أُخِذَ مِنكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ

اگر جانے گا اللہ تمہارے دل میں کچھ نیکی، تو دیگا بہتر تم کو اس سے، جو تم سے چھن گیا، اور تم کو بخشے گا۔

وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧٠﴾

اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔

وَإِن يُرِيدُوا۟ خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا۟ ٱللَّهَ مِن قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ

اور اگر چاہیں گے تجھ سے دغا کرنی، سو دغا کر چکے ہیں پہلے اللہ سے، پھر اس (اللہ) نے پکڑوا دیئے (تمہارے ہاتھوں)۔

وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٧١﴾

اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ

جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑا (ہجرت کی) اور لڑے (جہاد) اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ میں ،

وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ

اور جن لوگوں نے (انکو) جگہ دی اور (انکی) مدد کی ، اور وہ (آپس میں) ایک دوسرے کے رفیق ہیں ۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَلَمْ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلَٰيَتِهِم مِّن شَىْءٍ حَتَّىٰ يُهَاجِرُواْ ۚ

اور جو ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا ، تم کو اُنکی رفاقت سے کچھ کام نہیں ، جب تک گھر نہ چھوڑ آئیں ۔

وَإِنِ ٱسْتَنصَرُوكُمْ فِى ٱلدِّينِ فَعَلَيْكُمُ ٱلنَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَٰقٌ ۗ

اور اگر تم سے مدد چاہیں دین میں ، تو تم کو لازم ہے مدد کرنی ، مگر مقابلوں میں ایسوں کے جن میں اور تم میں عہد ہے ۔

وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾

اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے ۔

وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ

اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں ،

إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِى ٱلْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾

اگر تم یوں نہ کرو گے تو دھوم (فتنہ) مچے گی ملک (زمین) میں ، اور بڑی خرابی ہو گی ۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑے اللہ کی راہ میں ،

وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ حَقًّاۚ

اور جن لوگوں نے جگہ (انکو پناہ) دی اور (انکی) مدد کی، وہی ہیں تحقیق (سچے) مسلمان۔

لَّهُم مَّغۡفِرَةٌ وَرِزۡقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾

انکو بخشش ہے، اور روزی عزت کی۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنۢ بَعۡدُ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ مَعَكُمۡ فَأُوْلَٰٓئِكَ مِنكُمۡۚ

اور جو ایمان لائے پیچھے (انکے بعد)، اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے (جہاد کیا) تمہارے ساتھ ہوکر، سو وہ تمہیں میں (سے) ہیں۔

وَأُوْلُواْ ٱلۡأَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلَىٰ بِبَعۡضٖ فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِۚ

اور (مگر) ناتے والے (رشتے دار) آپس میں حقدار زیادہ ہیں ایک دوسرے کے اللہ کے حکم میں۔

إِنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمُۢ ﴿٧٥﴾

تحقیق (بیشک) اللہ ہر چیز سے خبردار ہے۔

**********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com